ثنائیاتِ
قرآن و حدیث

اِس کتاب میں اُن چیزوں کا بیان ہے جو قرآن و حدیث
میں دو دو مرتبہ یا دو کی تعداد کے حوالہ سے مذکور ہیں

مؤلف
انجنیئر عبدالمجید انصاری



مکتبہ قدوسیہ

maktabaquddusia.com

ثنائیات

قرآن و حدیث

اِس کتاب میں اُن چیزوں کا بیان ہے جو قرآن وحدیث
میں دو دو مرتبہ یا دو کی تعداد کے حوالہ سے مذکور ہیں

مولف
انجنیئر عبد المجید انصاری



maktabaquddusia.com

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۱	حرف اوّل	۲۹
۲	احتساب	۳۰
۳	پیش لفظ	۳۱
	حصہ اوّل بحوالہ **قرآن مجید**	
۱	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں اللہ تعالیٰ کے دو صفاتی نام	۳۵
۲	”اولئک علیٰ ھدی من ربھم و اولئک ھم المفلحون“ کا دوبارذکر	۳۵
۳	”سوآء علیھم ءانذرتھم ام لم تنذرھم لایؤمنون“ کا دوبارذکر	۳۶
۴	”دلوں اور کانوں پر مہر اور آنکھوں پر پردے“ کا دوبارذکر	۳۶
۵	”مصلحون“ کا دوبارذکر	۳۷
۶	”کانوں میں انگلیاں ڈالنے“ کا دوبارذکر	۳۷
۷	”رعد“ کا دوبارذکر	۳۷
۸	”الصواعق“ کا دوبارذکر	۳۸
۹	”کفار کے لیے تیار کی گئی آگ سے بچنے“ کا دوبارحکم	۳۹
۱۰	جہنم کی آگ کا ایندھن ”انسان اور پتھر“ ہونے کا دوبارذکر	۳۹
۱۱	”اس مثال سے اللہ تعالیٰ کی کیا مراد ہے؟“ کا دوبارذکر	۳۹
۱۲	”خون بہانے“ کا دوبارذکر	۴۰
۱۳	”خلیفہ“ کا دوبارذکر	۴۱
۱۴	”حضرت آدم علیہ السلام اور ان کی بیوی کے جنت میں رہنے کے حکم“ کا دوبارذکر	۴۲
۱۵	”حضرت آدم علیہ السلام اور ان کی بیوی کو جنت کے ایک درخت کے قریب جانے کی ممانعت“ کا دوبارذکر	۴۲
۱۶	جہنم میں لے جانے والے دو اعمال	۴۳
۱۷	”رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرنے کے حکم“ کا دوبارذکر	۴۳
۱۸	صبر اور نماز کے ساتھ مدد طلب کرنے کے حکم کا دوبارذکر	۴۳
۱۹	بنی اسرائیل پر دو قدرتی غذائیں نازل کی گئیں	۴۵
۲۰	”بارہ چشموں“ کا دوبارذکر	۴۶
۲۱	بنی اسرائیل کے ایک فرقے کو ذلیل بندر بن جانے کا دوبارذکر	۴۶
۲۲	”غلف“ کا دوبارذکر	۴۷
۲۳	یہودیوں کو اپنی سچائی کے ثبوت میں موت کی تمنا کرنے کے مطالبے کا دوبارذکر	۴۷
۲۴	بابل میں دو فرشتوں پر جادو کا علم نازل ہوا	۴۸
۲۵	”یختص برحمتہٖ من یشآء واللہ ذوالفضل العظیم“ کا دوبارذکر	۴۹
۲۶	”للہ المشرق والمغرب“ کا دوبارذکر	۴۹
۲۷	”قانتون“ کا دوبارذکر	۵۰
۲۸	”بدیع السمٰوات والارض“ کا دوبارذکر	۵۰
۲۹	تطہیر کعبہ کے حکم کا دوبارذکر	۵۱
۳۰	مکہ کو امن والا شہر بنانے کے لیے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا کا دوبارذکر	۵۱

maktabaquddusia.com

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۳۱	اہل مکہ کو پھلوں سے رزق دینے کے لیے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا کا دوبارہ ذکر	۵۲
۳۲	ایک آیت میں ''صبغۃ'' کا دوبارہ ذکر	۵۳
۳۳	اہل کتاب کا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے بیٹوں کی طرح پہچاننے کا دوبارہ ذکر	۵۳
۳۴	اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہید ہونے والوں کے مردہ نہ ہونے کا دوبارہ ذکر	۵۴
۳۵	''نقص'' کا دوبارہ ذکر	۵۴
۳۶	ہدایت یافتہ لوگوں پر دو انعامات	۵۴
۳۷	صفا اور مروہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں	۵۵
۳۸	''شاکر علیم'' کا دوبارہ ذکر	۵۵
۳۹	کتمان ہدایت کرنے والوں پر دو لعنتیں	۵۶
۴۰	کفار پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور سب لوگوں کی لعنت کا دوبارہ ذکر	۵۶
۴۱	''حسرات'' کا دوبارہ ذکر	۵۷
۴۲	حرام غذائیں مجبور شخص کے لیے دو شرائط پر جائز	۵۷
۴۳	پیٹوں میں آگ کھانے والے دو قسم کے لوگوں کا دوبارہ ذکر	۵۸
۴۴	''اجاح'' کا دوبارہ ذکر	۵۹
۴۵	دو شخصوں کو عارضی طور پر ماہ رمضان کے روزے چھوڑنے کی اجازت	۶۰
۴۶	''عاکفون'' کا دوبارہ ذکر	۶۱
۴۷	جنگ کرنے کے متعلق دو شرائط	۶۲
۴۸	فتنہ اور قتل کے تقابل میں دو باتیں	۶۲
۴۹	''حرمات'' کا دوبارہ ذکر	۶۳
۵۰	''عمرے'' کا دوبارہ ذکر	۶۴

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۵۱	''معلومات'' کا دوبارہ ذکر	۶۴
۵۲	اہل ایمان کے لیے دو احکام	۶۵
۵۳	دو چیزوں کا نقصان ان کے فائدے سے بہت زیادہ ہے	۶۵
۵۴	''الطلاق'' کا دوبارہ ذکر	۶۶
۵۵	طلاق دو مرتبہ	۶۷
۵۶	عورتوں سے مہر کا حصہ لینا دو صورتوں میں جائز ہے	۶۷
۵۷	مدت رضاعت دو سال	۶۸
۵۸	تقویٰ کے بہت قریب دو باتیں	۶۹
۵۹	امارت کے لیے دو ضروری چیزیں	۷۰
۶۰	''التابوت'' کا دوبارہ ذکر	۷۱
۶۱	''العلی العظیم'' کا دوبارہ ذکر	۷۱
۶۲	''مضبوط کڑے'' کا دوبارہ ذکر	۷۲
۶۳	ایک آیت میں ''سوسال'' کا دوبارہ ذکر	۷۳
۶۴	ایک آیت میں صدقہ کی قبولیت کی دو شرائط کا ذکر	۷۳
۶۵	اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے سے شیطان دو طریقوں سے روکتا ہے	۷۴
۶۶	اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے پر وہ دو چیزوں کا وعدہ دیتا ہے	۷۵
۶۷	سود کی حرمت کا دوبارہ ذکر	۷۵
۶۸	ایک آیت میں اہل ایمان کے لیے دو احکام	۷۶
۶۹	قرضہ لینے والے اہل ایمان کے لیے دو احکام	۷۶
۷۰	قرض کا معاملہ دو صورتوں میں تحریر سے مستثنیٰ	۷۷
۷۱	''مولانا'' کا دوبارہ ذکر	۷۷
۷۲	قرآن مجید میں دو قسم کی آیات	۷۸
۷۳	''الراسخون فی العلم'' کا دوبارہ ذکر	۷۹
۷۴	ایک آیت میں بیان کردہ دعا میں دو باتیں	۸۰

maktabaquddusia.com

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۷۵	کفار کو عذاب سے بچانے کے لیے دو چیزیں کام نہ آئیں گی	۸۰
۷۶	سورۂ آل عمران میں کفار کو عذاب سے بچانے کے لیے مال اور اولاد کام نہ آنے کا دوبارہ ذکر	۸۰
۷۷	نبی کریم ﷺ کو کفار سے دو باتیں کہہ دینے کا حکم	۸۱
۷۸	سورۂ آل عمران میں "اللہ بصیر بالعباد" کا دوبارہ ذکر	۸۱
۷۹	ایک آیت کی دعا میں دو باتیں	۸۲
۸۰	کفار کے لیے دو سزاؤں کا ذکر	۸۲
۸۱	اللہ تعالیٰ کا اپنی ذات سے ڈرانے کا دوبارہ ذکر	۸۳
۸۲	"اللہ لا یحب الکافرین" کا دوبارہ ذکر	۸۳
۸۳	بیٹے کی خوشخبری پر حضرت زکریا علیہ السلام کے تعجب میں دو باتیں	۸۴
۸۴	ایک آیت میں "وما کنت لدیھم" کا دوبارہ ذکر	۸۴
۸۵	حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیم میں دو باتیں	۸۵
۸۶	"قال الحواریون نحن انصار اللہ" کا دوبارہ ذکر	۸۵
۸۷	"اللہ خیر الماکرین" کا دوبارہ ذکر	۸۶
۸۸	ایک آیت میں کفار کے لیے دو سزاؤں کا ذکر	۸۶
۸۹	ایک آیت میں اہل کتاب کو دو جرائم سے باز رہنے کی تلقین	۸۷
۹۰	اللہ تعالیٰ کے محبوب انسان کی دو صفات	۸۷
۹۱	اسلام سے پھرنے والے دو شرائط پر عذاب سے بچ سکتے ہیں	۸۷
۹۲	اہل ایمان کے لیے دو ہدایات	۸۸
۹۳	دعوت الی الاسلام کا کام کرنے والی جماعت کے دو فرائض	۸۹
۹۴	پہلے مذاہب کی دو باتیں اپنانے کی ممانعت	۸۹
۹۵	"اللہ علیم بالمتقین" کا دوبارہ ذکر	۹۰
۹۶	جنگ اُحد کے موقع پر مسلمانوں کے دو گروہوں کی پست ہمتی	۹۰
۹۷	جنگوں میں نزول ملائکہ کے دو مقاصد	۹۱
۹۸	ایک آیت میں اہل ایمان کے لیے دو ہدایات	۹۱
۹۹	دو چیزوں کے لیے جلدی کرنے کا حکم	۹۲
۱۰۰	جنت کی وسعت آسمانوں اور زمین کے برابر ہونے کا دوبارہ ذکر	۹۲
۱۰۱	"کاظمین" کا دوبارہ ذکر	۹۳
۱۰۲	مسلمانوں کے لیے دو ہدایات	۹۳
۱۰۳	سورۂ آل عمران میں "یوم التقی الجمعٰن" کا دوبارہ ذکر	۹۴
۱۰۴	"للہ میراث السمٰوٰت والارض" کا دوبارہ ذکر	۹۴
۱۰۵	بڑی ہمت کے دو کام	۹۵
۱۰۶	ایک آیت میں دعا میں دو باتیں	۹۵
۱۰۷	"یایھا الناس اتقوا ربکم" سے شروع ہونے والی دو سورتیں	۹۶
۱۰۸	الفاظ "مثنیٰ وثلث وربٰع" کا دوبارہ ذکر	۹۶
۱۰۹	یتیموں کا مال اُن کے حوالے کرنے کی دو شرائط	۹۷
۱۱۰	"کلالۃ" کا دوبارہ ذکر	۹۸
۱۱۱	دو انتہائی حالتوں میں توبہ قبول نہیں ہوتی	۹۹
۱۱۲	اہل ایمان کے لیے دو احکام	۹۹
۱۱۳	بڑے گناہوں سے بچنے والوں کے لیے دو انعامات	۱۰۰
۱۱۴	"حافظات" کا دوبارہ ذکر	۱۰۰
۱۱۵	"ویامرون الناس بالبخل" کا دوبارہ ذکر	۱۰۱
۱۱۶	قیامت کے دن دو اعمال کرنے والوں کی مٹی میں ملے رہنے کی آرزو	۱۰۲
۱۱۷	دو حالتوں میں نماز کے قریب جانے کی ممانعت	۱۰۲
۱۱۸	تیمم کا دوبارہ ذکر	۱۰۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ اوّل

محترم انجینئر عبدالمجید انصاری صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ ریٹائرڈ ڈائریکٹر پروکیورمنٹ پاکستان ریلوے کی یہ چوتھی تالیف ہے۔اس سے قبل ان کی ایک تالیف "ثلاثیاتِ قرآن وحدیث"، دوسری "رباعیاتِ قرآن و حدیث" اور تیسری "خماسیاتِ قرآن وحدیث" کے ناموں سے زیورِ طباعت سے آراستہ ہو کر منظرِ عام پر آچکی ہیں۔اول الذکر کتاب میں انہوں نے قرآن کریم کی وہ آیات اور نبی کریم ﷺ کی وہ احادیث جمع کی ہیں جن میں ۳،۳ چیزوں کا ذکر ہے۔ثانی الذکر کتاب ان آیات واحادیث کا مجموعہ ہے جن میں ۴،۴ چیزوں کا بیان ہے اور ثالث الذکر کتاب ان آیات واحادیث پر مشتمل ہے جن میں پانچ پانچ باتوں کا ذکر ہے۔

ان سب کتابوں کو پذیرائی ملی ہے اور امید ہے کہ عنداللہ بھی مقبول ہو کر مؤلف موصوف کے لیے ان شاء اللہ ذخیرۂ آخرت ثابت ہوں گی۔

زیرِ نظر چوتھی تالیف میں موصوف نے ان آیات واحادیث کا انتخاب پیش فرمایا ہے جن میں دو، دو باتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔

موصوف کی ہمت اور محنت قابلِ داد ہے کہ ریٹائرمنٹ کی اس عمر میں، جب کہ لوگ عام طور پر عضوِ معطل بن کر رہ جاتے ہیں، انہوں نے جوانوں کی طرح تیشۂ فرہاد سنبھالا ہوا ہے اور کوہ کنی کے ذریعے سے ایک 'جوئے شیر' نہیں، کئی 'جوئے ہائے شیر' جاری کردی ہیں۔ اللھم زد فزد

اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ

بہرحال فاضل مؤلف کی یہ چوتھی کاوش بھی تبریک وتحسین اور قدر افزائی کی مستحق ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی یہ خدمت بھی قبول فرمائے۔ (آمین)

(دستخط)

حافظ صلاح الدین یوسف

مدیر: شعبۂ تحقیق وتالیف وترجمہ دارالسلام لاہور

ذوالقعدہ ۱۴۳۰ھ۔ اکتوبر ۲۰۰۹ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

انتساب

شاعرِ اسلام مولانا علی محمدؒ صمصامؒ

اور

میرے دادا حاجی نظام الدینؒ

کے نام

جنھوں نے اپنے وعظ وتبلیغ سے ککہ کڑیالہ تحصیل ترن تارن ضلع امرتسر کے مسلمانوں کو تحریک پاکستان کے حوالہ سے بیدار کیا اور اُن کے دلوں میں توحیدِ باری تعالیٰ کا سبق راسخ کیا۔

اللہ تعالیٰ اُن کے درجات بلند فرمائے۔ آمین!

عبدالمجید انصاری

maktabahaqqudusia.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

پہلی تین کتابوں ''ثلاثیاتِ قرآن وحدیث''، ''رباعیاتِ قرآن وحدیث'' اور ''خماسیاتِ قرآن وحدیث کے ''پیش لفظ'' میں بھی جیسا درج ہے کہ قرآن مجید اور حدیث شریف میں مختلف تعداد کا بھی تذکرہ ملتا ہے۔ مثلاً ایک اللہ۔ اعمال لکھنے والے دو فرشتے۔ حضرت صالح علیہ السلام کی قوم کو عذاب سے پہلے تین دن کی مہلت۔ احیائے موتیٰ سے متعلق حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دلی تسکین کے لیے ان کو چار پرندوں کے ٹکڑوں کو پہاڑوں پر رکھ کر ان کو بلانے کا حکم۔ روزانہ پانچ نمازیں۔ اللہ تعالیٰ کا آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کرنا۔ سات آسمان۔ جنت کے آٹھ دروازے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دی گئیں نو نشانیاں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مدین میں دس سال تک بکریاں چرانا۔ حضرت یوسف علیہ السلام کو خواب میں گیارہ ستاروں کا سجدہ کرنا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا مارنے سے پتھر سے پانی کے بارہ چشمے جاری ہونا۔

قرآن وحدیث میں دو کی تعداد کا تذکرہ بکثرت ہے۔ قرآن وحدیث میں دو کی تعداد کے زیادہ سے زیادہ مضامین کو زیرِ نظر کتاب میں یکجا کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس سے قرآن وحدیث کی تعلیمات کے ایک قابلِ ذکر حصے سے براہِ راست واقفیت حاصل ہوسکتی ہے۔

قرآن مجید میں دو کی تعداد کے مضامین کے لیے مختلف تفاسیر اور اسلامی کتب سے مدد لی گئی ہے۔ جہاں کسی آیت کی ایک سے زیادہ تعبیریں ممکن ہوئیں یا مجھے کوئی مشکل پیش آئی تو مختلف تفاسیر سے استفادہ کیا گیا۔ ہر عنوان کے تحت قرآن مجید کی متعلقہ سورت اور آیت کا حوالہ دیا گیا ہے۔ اسی طرح ہر حدیث شریف کے ساتھ کتب احادیث میں سے کم از کم ایک کتاب کا حوالہ دیا گیا ہے۔ احادیث میں دو کی تعداد کے مضامین کے لیے کتب احادیث کے اُردو تراجم سے مدد لی گئی ہے۔ اس سلسلے میں مولوی محمد حسین رحمانی کا اور ان احباب کا شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھے کتب اور دیگر متعلقہ مواد مہیا کیا۔ جناب تجمل حسین اعوان صاحب کا ممنون ہوں جنہوں نے زیرِ نظر کتاب پر نظرِ ثانی فرمائی اور جہاں ضروری سمجھا تصحیح فرمائی۔ جناب حافظ عبدالحمید ازہر صاحب کا شکر گزار ہوں جنہوں نے اس کتاب کے نام کے

حوالے سے میری رہنمائی فرمائی۔ حضرت مولانا حافظ صلاح الدین یوسف صاحب کا خاص طور پر شکر گزار ہوں جنہوں نے زیرِ نظر کتاب کے سلسلے میں گراں قدر مشوروں سے نوازا۔

اس امر کا اعتراف ہے کہ مجھ سے کئی مقامات پر لغزشیں واقع ہوئی ہوں گی۔ اور بہت سے متعلقہ مضامین تک رسائی نہیں ہو سکی ہوگی۔ قارئینِ کرام سے گزارش ہے کہ اگر وہ ان کے مشاہدہ میں آئیں تو مجھے مطلع فرمائیں۔

عبدالمجید انصاری

۱۲۴/۳۲ علامہ اقبال روڈ
لاہور

maktabaquddusia.com